# ای ٹینڈر نوٹس برائے پکا پکایا راشن اور متفرق اشیاء وایمرجنسی ادویات

زیر دستخطی کو سب جیل صدہ، پاڑاچنار اور انٹرمنٹ سنٹر علی زئی کے لئے برائے مالی سال 2026-27 پکا پکایا راشن ودیگر متفرق اشیاء اور ایمرجنسی ادویات کی سپلائی کے لئے جن کی مالیت اندازے کے مطابق تقریباً تین کروڑ پچاس لاکھ روپے -/Rs.3,50,00000 بنتی ہے کے لئے خواہشمند حضرات ٹھیکیداران جو کہ محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہو چکے ہو سے بذریعہ E-Procuremnet ٹینڈر مطلوب ہے۔ ٹینڈر بذریعہ EPADS مورخہ **28-07-2026** بوقت 11:00:AM دن تک انلائن جمع کیا جا سکتا ہے اور اسی روز بوقت 11:30AM بجے دن ٹینڈر نمائیندگان اور کمیٹی ممبران کے روبرو آن لائن کھولا جائیگا۔

**شرائط:**

(1)۔ اوپر دی گئی مالیت ایک اندازے کے مطابق ہے جس میں مجاز اتھارٹی کیپرا رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔

(2)۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران کیلئے لازم ہے کہ وہ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر خود کو رجسٹرڈ کروائے کیونکہ موجوزہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیا اور دیگر ضروری دستاویزات مزکورہ ویب سایٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اور وہاں سے ڈاون لوڈ بھی کی جا سکتی ہے ڈاون لوڈ کرنے کے بعد متعلقہ دستاویزات صاف لکھائی میں پُر کر کے EPADS پر اپلوڈ کرنے ہو گے۔ موجوزہ ٹینڈر نوٹس کی اشاعت کی کاپی کیپرا کی ویب سائٹ https://www.kppra.gov.pk/ اور خیبر پختون خوا جیلخانا جات کی سایٹ https://prisons.kp.gov.pk/ سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

(3)۔ ای ٹینڈر رنگ میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 2% فیصد زرشمولیت جو کسی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ ہو بصورت کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ سب جیل صدہ EPADS پر اپلوڈ کرنا ہوگی اور اصل زرشمولیت ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر زیر دستخطی میں لازمی جمع کروانا ہوگی۔ جو کہ ٹینڈر کھولنے کے وقت پر چیز کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے گی۔ CDR اپلوڈ نہ کرنے یا اصل CDR دفتر میں بروقت پیش نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر فارم مسترد کیا جائے گا۔

(4) متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کو حکومت پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سٹیمپ ڈیوٹی یا کسی بھی قسم کے دیگر ٹیکس جو حکومت پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں وغیرہ مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔

(5) بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کے سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکیدار کے بل یا سیکورٹی سے منہا کیا جائیگا۔

(6) سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کے خلاف قانونی کاروائی کی جائیگی۔ اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

(7) مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم/ٹھیکیدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر معقول وجہ بتا کر مسترد کرے۔

(8) تمام اشیاء، سب جیل صدہ، پاڑاچنار اور انٹرمنٹ سنٹر علی زئی کے مین گیٹ تک لانا لازمی ہوگی۔

(9) تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائینگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر دوران تصدیق کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کاروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔

(10) تمام دلچسپی رکھنے والے ٹھیکیداروں کو خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی طرف سے سرٹیفیکیٹ انڈر سیکشن 15 آف KPFS&HFA Act 2014 کے تحت کمیٹی کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ اس کا ٹینڈر None Responsive تصور کیا جائیگا۔

(11)۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05% کے مساوی Performance Guarantee بصورت بینک گارنٹی بنام سپرنٹنڈنٹ سب جیل صدہ لازمی جمع کروانا ہوگا۔

(12)۔ ٹینڈر کھولنے کے دن اگر سرکاری تعطیل ہوئی تو مزکورہ ٹینڈر اگلے ورکنگ دن میں کھولا جائے گا

(13) ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ساؤتھ ریجن ڈی آئی خان دینگے۔

المشتہر:

اورنگزیب خان

سپرنٹنڈنٹ سب جیل صدہ